فوری ریلیز کے لیے: 16/9/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے نیویارک کے باسیوں کو تاکید کی کہ وہ فیڈرل اسٹوڈنٹ ڈیٹ ریلیف کے سلسلے میں سامنے آلے والی دھوکہ بازیوں سے ہوشیار رہیں

طلباء کے قرضوں کی ادائیگی کی مد میں مالی رعایت فراہم کرنے کے حالیہ اعلان کے بعد دھوکہ دہی کی کوششوں میں تیزی آ گئی ہے

طلبا کے قرض لینے والے افراد کی یاددہانی کی جا رہی ہے کہ وہ صرف معتبر سرکاری ویب سائٹس استعمال کریں اور طلبا کو قرض سے نجات دلوانے کی مشکوک پیشکشوں کا جواب نہ دیں

گورنر Kathy Hochul نے آج صارفین کو ایسے دھوکہ بازوں سے ہوشیار رہنے کے لئے کہا ہے جو طلباء کو قرضوں سے نجات دلانے کے حالیہ منصوبے کا ناجائز فائدہ اٹھا کر مقروض افراد کی رقوم اور ذاتی معلومات چوری کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ دھوکہ باز افراد سرکاری ایجنسیوں کا روپ دھار کر اور طلباء کو فوری طور پر قرضوں سے نجات دلوانے کے جعلی وعدے کرکے ان میں جلد بازی کا مصنوعی احساس پیدا کر رہے ہیں۔ مقروض افراد کو یاد دلایا جاتا ہے کہ اس نئے امدادی منصوبے سے متعلقہ دھوکہ دہی کی ہر کوشش سے ہوشیار، باخبر اور چوکس رہنا بہت ضروری ہے۔ گزشتہ کل، گورنر Hochul نے وفاقی پبلک سروس کے قرض معافی پروگرام تک رسائی کو وسعت دینے اور اس کی کاروائی آسان بنانے کے لئے قانون سازی پر دستخط کیے۔ یہ نئی قانون سازی طے کرتی ہے کہ PSLF تک رسائی کے مقاصد کے لیے کل-وقتی ملازمت کسے کہا جائے گا پبلک سروس آجروں کو کارکنوں کی جانب سے ملازمت کی تصدیق کرنے کی اجازت دیتی ہے، جس سے پروگرام کے لیے درخواست دینے اور اس تک رسائی پانے کے عمل میں واقع رکاوٹیں کافی حد تک ختم ہو جائیں گی۔

"نیویارک کے باسی اپنا ایک ایک ڈالر کمانے کے لئے سخت محنت کرتے ہیں اور طلباء کے قرضوں کی معافی کا منصوبہ ان پر سے بڑھتے ہوئے قرضوں کا دباؤ کم کرنے میں مدد دے گا،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "بد قسمتی سے، دھوکہ باز عناصر اور افراد دوسروں سے ناجائز فائدہ اٹھانے کے لئے اس موقع کو استعمال کر رہے ہیں۔ آج، ہم ان دھوکہ بازوں کو متنبہ کر رہے ہیں: کہ ہم تمہیں نیویارک کے محنتی اور ایماندار باسیوں سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے۔ میری ہر شخص سے گزارش ہے کہ ان دھوکہ بازوں کو اپنی مذموم حرکات سے روکنے کے لئے ہوشیار اور باخبر رہیں۔"

آپ کو طلباء کے لئے قرضہ معافی کے وفاقی منصوبے کے بارے میں کیا معلوم ہونا ضروری ہے:
24 اگست، 2022 کو بائیڈن انتظامیہ نے کام کرنے والوں اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے ایسے افراد کی مدد کے لئے تین حصوں پر مشتمل منصوبے کا اعلان کیا جنہوں نے طلباء کا وفاقی قرضہ لیا ہوا ہے۔ اس منصوبے میں شامل ہے:

1. طلباء کے قرضوں کی ادائیگی مدت میں 31 دسمبر، 2022 تک حتمی توسیع اور اہل افراد کے لئے $20,000 تک قرضے کی معافی
2. پبلک سروس کے قرضہ معافی پروگرام کو بہتر بنانا اور کم اور متوسط آمدنی والے قرض داروں کے لئے آئندہ ماہانہ قسطوں کی رقم کم کرنے کے لئے آمدنی پر مبنی ادائیگی منصوبہ تیار کرنا۔

3. مستقبل میں تعلیم جاری رکھنے والے طلباء کے لئے کالج کے اخراجات میں کمی لانا۔

امریکی محکمہ تعلیم طلباء کے لئے قرضوں میں بہتریاں نافذ کرنے کے لئے تیزرفتاری سے کام تو کر رہا ہے، تاہم بہت سی تفصیلات ابھی طے ہونا باقی ہیں۔ محکمہ تعلیم کا مشورہ ہے کہ آپ اپنے StudentAid.gov اکاؤنٹ پر لاگ ان کرکے یقینی بنائیں کہ آپ کی رابطہ معلومات درست اور تازہ ترین ہیں اور الرٹس کے لیے سائن اپ کرکے یقینی بنائیں کہ نئی معلومات دستیاب ہوتے ہی آپ کو مل جائیں۔

طلباء کے قرضوں کی معافی سے وابستہ دھوکہ دہی کی کوششوں سے کیسے بچا جائے:

1. **قابل اعتماد معلومات اور ذرائع تلاش کریں۔** معاونت کی ضرورت ہو تو صرف ".gov" ویب سائٹس پر جائیں۔ امریکی محکمہ تعلیم نے حال ہی میں ایک ویب پیج لانچ کیا ہے جو مقروض افراد کو اس پروگرام کے بارے میں پر درست اور تازہ ترین معلومات فراہم ایک ہی جگہ کرے گا۔ اس سائٹ پر پہنچنے کے بعد مقروض افراد کو نہ صرف عمومی معلومات ملیں گی بلکہ اس میں تفصیلی سوال و جواب والا سیکشن بھی ہے جس میں طلباء کے قرضوں کی معافی کے منصوبے کے بارے میں ضروری حقائق موجود ہیں۔
2. **کسی بھی ایسے شخص یا پروگرام پر بھروسہ نہ کریں جو آپ کو فوری یا خصوصی رسائی یا اہلیت کی گارنٹی دلوانے کا وعدہ کرے۔** ہو سکتا ہے کوئی کمپنی آپ سے رابطہ کرکے کہے کہ وہ آپ سے فیس لے کر قرض ڈسچارج دلوائے گی، قرض معاف یا منسوخ کروا دے گی، یا قرض میں رعایت دلوا دے گی۔ ممکن ہے وہ آپ کی درخواست جلد دائر کروانے کی پیشکش بھی کریں۔ قرض معافی کی درخواست اکتوبر کے شروع میں لانچ کی جائے گی اور اس سے پہلے اس تک رسائی پانا ممکن نہیں ہے، اور آپ کو اپنی فیڈرل سٹوڈنٹ ایڈ کے سلسلے میں کبھی کوئی رقم ادا نہیں کرنی ہوتی ہے۔ اگر آپ کو ان میں سے کوئی پیشکش ملے، تو وہ دھوکہ دہی ہے۔
3. **چاہے جو بھی آپ سے رابطہ کرے اسے کبھی بھی اپنی ذاتی معلومات، فیڈرل سٹوڈنٹ ایڈ کی ID یا سوشل سیکورٹی نمبر ہرگز نہ دیں۔** محکمہ تعلیم کی جانب سے کوئی بھی اس منصوبے کے متعلق نہ آپ کو کال کرے گا اور نہ ہی ٹیکسٹ پیغام بھیجے گا۔ یقینی بنائیں کہ آپ صرف امریکی محکمہ تعلیم کے ساتھ کام کریں، اور کسی کو بھی اپنی ذاتی معلومات یا اکاؤنٹ کا پاس ورڈ ہرگز نہ بتائیں۔ مقروض افراد کو اصل ای میلز صرف noreply@studentaid.gov سے بھیجی جائیں گی۔
4. **اگر آپ کے ساتھ دھوکہ دہی کی کوشش ہو، تو اس کی اطلاع دیں۔** کوئی شکایت دائر کرنی ہو تو فیڈرل سٹوڈنٹ ایڈ کی سرکاری ویب سائٹ سے رابطہ کریں، یا فیڈرل ٹریڈ کمیشن سے رابطہ کریں۔ امریکی محکمہ تعلیم اضافی معلومات اور وسائل یہاں پیش کرتا ہے۔

سکریٹری آف اسٹیٹ رابرٹ جے روڈریگیز نے کہا، "چونکہ نیویارک کے بہت سے شہری اپنے طالبعلمی والے قرضوں کی ادائیگی کی جدوجہد میں مصروف ہیں، اس لئے دھوکے باز افراد ان کی اس مجبوری سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی کوششیں کر رہے ہیں۔ چونکہ وفاقی حکومت کی جانب سے حال ہی میں قرضوں کی معافی کا اعلان کیے جانے کے بعد سے طلباء کے قرضے معاف کروانے کی دھوکہ باز پیشکشوں میں اضافہ ہو گیا ہے، چنانچہ نیویارک سٹیٹ ڈویژن آف کنزیومر پروٹیکشن نے مقروض افراد کی یاددہانی کروائی ہے کہ انہیں صرف قابل بھروسہ سرکاری ویب سائٹس استعمال کرنی چاہئیں اور معافی دلوانے کی مشکوک پیشکشوں کا ہرگز جواب نہیں دینا چاہیے۔"

اسٹیٹ سینیٹر کیون تھامسن نے کہا، "کتنے شرم کی بات ہے کہ قرضے معاف کرنے والے جس وفاقی منصوبے کا شدت سے انتظار کیا جا رہا تھا اس کے اعلان کے بعد دھوکہ باز عناصر نے اسے معاونت کے طلبگار افراد کی مجبوری سے ناجائز فائدہ اٹھانے کا موقع سمجھ لیا ہے۔ میں معاونت کے طلبگار افراد کو تاکید کرتا ہوں کہ وہ بہت ہوشیار رہیں اور طلباء کے قرضوں کی معافی کے بارے میں معلومات تک رسائی کے لئے صرف قابل بھروسہ ".gov" ویب سائٹس استعال کریں۔"

اسمبلی ممبر ہاروے ایپسٹائن نے کہا، "میری نیویارک کے شہریوں سے گزارش ہے کہ وہ طلباء کے قرضوں کی معافی کے سلسلے میں دھوکہ باز عناصر پر نگاہ رکھیں۔ اس وقت جب کہ ہم اس معافی کو نیویارک کے زیادہ سے

زیادہ باسیوں تک پہنچانے کی جدوجہد کر رہے ہیں، دکھ کی بات ہے کہ دھوکہ باز عناصر مقروض افراد کی مجبوری سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اچھی خبر یہ ہے کہ آپ کے پاس اپنی حفاظت کرنے کے طریقے موجود ہیں۔ میں گورنر Hochul کی تعریف کروں گا کہ انہوں نے طلباء کے قرضوں کی معافی کو اپنی ترجیح بنایا اور مقروض طلباء کو ظالم دھوکہ بازوں سے محفوظ رکھنے میں بہترین کردار ادا کیا۔"

نیویارک سٹیٹ ڈویژن آف کنزیومر پروٹیکشن کسی صارف اور کاروبار کے مابین رضاکارانہ ثالثی فراہم کرتا ہے جب وہ صارف اپنے طور پر کسی حل تک پہنچنے میں ناکام رہا ہو۔ صارفین کی معاونتی ہیلپ لائن 1-800-697-1220 سرکاری تعطیلات کے علاوہ پیر تا جمعہ صبح 8:30 بجے سے شام 4:30 تک دستیاب رہتی ہے، اور صارفین اپنی شکایات کسی بھی وقت https://dos.ny.gov/consumer-protection پر درج کروا سکتے ہیں۔

صارفین کے تحفظ کے مزید مفید طریقوں کے لئے ڈویژن کو سوشل میڈیا پر فالو کریں
Twitter: @NYSConsumer اور Facebook: ww.facebook.com/nysconsumer۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں